دانشِ مشرق

ہمارے ماضی کے روشن دریچے

عالمِ اِسلام خصوصاً مُلکِ خُداداد پاکستان اِس وقت اپنی تاریخ کے ایک انتہائی نازک اور سنگین موڑ پر کھڑا ہُوا ہے۔ ایک ایسے موڑ پر جو اِس سے پہلے شاید ہی کبھی ہمارے سامنے اِتنے بھیانک انداز میں وارد ہُوا ہو جیسا کہ یہ اب ہمارے رُوبرُو ہے۔ اجتماعی بے اعتدالیوں اور سیاسی اور معاشرتی ناانصافیوں کے سبب ہمارا معاشرہ بہت تیزی سے رُو بہ زوال ہے۔ جہل پسندی، علم سے لاتعلقی اور دینی حمیّت سے کنارہ کشی نے ہمارے درمیان تقسیم وتفریق، بے راہ روی اور عصبیّت کے ایسے عفریت کھڑے کر دیے ہیں کہ ہمارا حقیقی وجود معدُوم ہوگیا ہے اور ہم اپنے نفسی رویّے میں اغیار کے محتاج ہو کر رہ گئے ہیں۔ ہمارے اسلاف وارثانِ علم و دانش تھے، واقفانِ علم و ہُنر تھے، ایجاد و تحقیق کے آسمان کا ماہِ تابناک تھے۔ ماضیٔ قریب میں بھی ہم خس وخاشاک کے درمیان شعلہ بجاں تھے۔ پھر یہ تاریکیاں کیسے ہمارا مقدر ہوگئیں؟ دامنِ فکر وعمل کس طرح ہمارے ہاتھ سے چھوٹ گیا؟ بے حسی کیوں ہمارے اجتماعی مزاج سے پیوست ہوگئی ہے؟ ہماری ملّی تاریخ میں ایسے بے شمار افراد موجود ہیں جن کے تدبّر وتفکّر نے انسانی عقل وشعور کو مہمیز کیا اور ایسے کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں کہ جن سے نہ صرف عالمِ اِنسانیت کو فیض پہنچا بلکہ مغرب نے اُس سے اِتنا اِستفادہ کیا کہ آج ہمارے اسلاف کے کارناموں پر مغربی ایجادات اور سماجی عُلوم کی عمارات کھڑی ہُوئی ہیں۔ جابر بن حیان کی دقیقہ سنجی، ابُوبکر الرازی کا طبّی شعُور، ابن الہیثم کی طبیعیات دانی، ابُوریحان البیرونی کا بیمار اِنسانیت کے لیے اِیثار، اِبنِ سینا کی بے پایاں حکمت، عُمر خیام کی ہیئت دانی، اِبنِ رُشد کی نابغانہ وُسعتِ علمی، شیخِ اکبر محیُ الدین اِبنِ عربی کی فلسفہ دانی، شیخ سعدی کی شاعرانہ حمیّت اور فکری صلابت، جلال الدین رُومی کی فروغِ تدبّر کے لیے مساعی، اِبنِ خلدون کا عمرانی اور تاریخی شعور اور علّامہ اقبال کی بصیرت افروز فکر ہمارے مُستقبل کے لئے ایسے اجزائے ترکیبی ہیں جن سے استفادہ کر کے ہم نہ صرف علمی منظر میں اپنا قد اُونچا کر سکتے ہیں بلکہ مُلکی سطح پر بھی ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دے کر موجُودہ اِضطرابی کیفیت اور اذیّت سے نجات حاصل کر کے اطمینانِ قلب اور ترقی کی منزل پر فائز ہو سکتے ہیں۔

یاد رکھیے یہی اجزائے ترکیبی ہماری ترقی کے سفر میں رختِ بے بہا کا درجہ رکھتے ہیں۔ یقیناً وہ سرزمینِ علم و دانش جہاں ہمارے اسلاف خیمہ زن تھے آج ہماری مُنتظر ہے۔ اِس عرصۂ اِنتظار سے باہر نکلنے کے لئے ہمیں اپنا رویّہ تبدیل کرنا ہوگا۔ علم کے شعلے کو از سرِ نَو اپنے سینے میں بیدار کرنا ہوگا تاکہ ہم اپنے مطلُوبہ اہداف تک رسائی حاصل کر سکیں، کیوں کہ ایک علمی مُعاشرے کا قیام ہی بقائے مُلک وملّت کا ضامن ہے۔

PharmEvo® کی یہ کوشش رہی ہے کہ ہر سال اپنے کرم فرماؤں کو فکری غذا فراہم کی جائے۔ گزشتہ سال "زندہ دِلانِ ادب" کے عُنوان سے کیلنڈر مرتّب کیا گیا تھا جسے قارئین نے بے حد پسند کیا۔ اِس سال ہم نے "دانشِ مشرق" کے عنوان سے کیلنڈر ترتیب دیا ہے اور اِس کے ذریعے پاکستان کے عوام بالخصُوص اربابِ حل وعقد کو اِس توقع کے ساتھ ہم دعوتِ فکر دینا چاہتے ہیں کہ کوئی بہتری اور فلاح کی صُورت نکلے۔ پیشِ نظر کیلنڈر میں ایسی بارہ شخصیات کا مُختصر خاکہ ترتیب دیا گیا ہے جن میں سے چند کا تعلّق اگرچہ مغرب سے ہے لیکن یہ شخصیات اپنے افکار و آثار میں مشرق کی ہی نُمائندگی کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم "مشرق" کو ایک رویّہ تصوّر کرتے ہیں اُسے جُغرافیہ نہیں۔ یہ شخصیات مُسلم اُمّہ کا وقار و اعتبار ہیں، ہمارا سرمایۂ اِفتخار ہیں اور اِن کا تذکرہ ہمیں ہمارے تابناک ماضی سے جوڑ دیتا ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ کیلنڈر 2010 کے لیے بھی ہماری یہ کاوش آپ کے معیار پر پُوری اُترے گی۔ اِس سلسلے میں آپ کی آراء کا شِدّت سے اِنتظار رہے گا۔

اِس کیلنڈر کی بُنیادی تحقیق، ترجمہ، ترتیب اور تدوین میں معرُوف دانشور جناب یُوسف شاہد، جامعہ کراچی کے کُلیۂ معارفِ اِسلامیہ کے اُستاد حافظ محمّد کامران قریشی، جناب قیصر عالم اور مُمتاز مُحقّق اور شاعر خواجہ رضی حیدر نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ادارہ اِن احباب کا بے حد مشکور ہے۔ معرُوف مُصوّر جناب یُوسف تنویر نے تخلیقی سطح پر کیلنڈر کے صوری حُسن کو ہمیشہ کی طرح پُوری جانفشانی سے اُجاگر کیا ہے۔ ادارے پر اُن کا شکریہ بھی واجب ہے۔

سیّد جمشید احمد
ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز
فارمیوو (پرائیویٹ) لمیٹڈ

کیلنڈر 2000 "کمالِ غالب"
کیلنڈر 2001, 2002 "Quran: The Ultimate Miracle"
کیلنڈر 2003 "غزل کا سفر"
کیلنڈر 2004 "The Great Legacy"
کیلنڈر 2005 "زندگی اور کائنات"
کیلنڈر 2006 "The Rise and Fall of the Nations in the Light of "
کیلنڈر 2007 "The Guiding Principles of Islam in the Light of Qran & Sunnah"
کیلنڈر 2008 "مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ"
کیلنڈر 2009 "زندہ دلانِ ادب"

CALENDAR 2010

PharmEvo (Pvt.) Ltd.
402-Business Avenue, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal,
Karachi-75400, Pakistan. Tel: (92-21)4315195-7 Fax: (92-21)4556344
E-mail: mail@pharmevo.biz, Website : www.pharmevo.biz

PharmEvo®
Our dream, a healthier society